روزنامہ
# الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 22 مارچ 2008ء 13 ربیع الاول 1429 ہجری 22 امان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 66

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اللہ تعالیٰ کی شناخت کی یہ زبردست دلیل اور اس کی ہستی پر بڑی بھاری شہادت ہے کہ محو و اثبات اس کے ہاتھ میں ہے......(الرعد: 40)

دیکھو اجرام سماوی کتنے بڑے اور عظیم الشان نظر آتے ہیں اور ان کی عظمت کو دیکھ کر ہی بعض نادان ان کی پرستش کی طرف جھک پڑے ہیں اور انہوں نے ان میں صفات الٰہیہ کو مان لیا ہے۔ جیسے ہندو یا اور دوسرے بت پرست یا آتش پرست وغیرہ جو سورج کی پوجا کرتے ہیں اور اس کو اپنا معبود سمجھتے ہیں۔ کیا وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ سورج اپنے اختیار سے چڑھتا ہے یا چھپتا ہے؟ ہرگز نہیں اور اگر وہ کہیں بھی تو وہ اس کا کیا ثبوت دے سکتے ہیں۔ وہ ذرا سورج کے سامنے یہ دعا تو کریں کہ ایک دن وہ نہ چڑھے یا دوپہر کو مثلاً چھپ جاوے تا کہ معلوم ہو کہ وہ کوئی اختیار اور ارادہ بھی رکھتا ہے۔ اس کا ٹھیک وقت پر طلوع اور غروب تو صاف ظاہر کرتا ہے کہ اس کا اپنا ذاتی کوئی اختیار اور ارادہ نہیں ہے۔

ارادہ کا مالک تب ہی معلوم ہوتا ہے کہ دعا قبول ہو اور کرنے والے امر کو کرے اور نہ کرنے والے کو نہ کرے۔

غرض اگر قبولیت دعا نہ ہوتی تو اللہ تعالیٰ کی ہستی پر بہت سے شکوک پیدا ہو سکتے تھے اور ہوئے اور حقیقت میں جو لوگ قبولیت دعا کے قائل نہیں ہیں ان کے پاس اللہ تعالیٰ کی ہستی کی کوئی دلیل ہی نہیں ہے۔ میرا تو یہ مذہب ہے کہ جو دعا اور اس کی قبولیت پر ایمان نہیں لاتا وہ جہنم میں جائے گا، وہ خدا ہی کا قائل نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ کی شناخت کا یہی طریق ہے کہ اس وقت تک دعا کرتا رہے جب تک خدا اس کے دل میں یقین نہ بھر دے اور انا الحق کی آواز اس کو نہ آجاوے۔ اس میں شک نہیں کہ اس مرحلہ کو طے کرنے اور اس مقام تک پہنچنے کے لئے بہت سے مشکلات ہیں اور تکلیفیں ہیں۔ مگر ان سب کا علاج صرف صبر سے ہوتا ہے۔ حافظ نے کیا اچھا کہا ہے۔ شعر۔

گویند سنگ لعل شود در مقام صبر
آرے شود ولیک بخون جگر شود

یاد رکھو کوئی آدمی کبھی دعا سے فیض نہیں اٹھا سکتا۔ جب تک وہ صبر میں حد نہ کر دے اور استقلال کے ساتھ دعاؤں میں نہ لگا رہے۔ اللہ تعالیٰ پر کبھی بدظنی اور بدگمانی نہ کرے۔ اس کو تمام قدرتوں اور ارادوں کا مالک تصور کرے۔ یقین کرے پھر صبر کے ساتھ دعاؤں میں لگا رہے۔ وہ وقت آجائے گا کہ اللہ تعالیٰ اس کی دعاؤں کو سن لے گا اور اسے جواب دے گا۔ جو لوگ اس نسخہ کو استعمال کرتے ہیں، وہ کبھی بدنصیب اور محروم نہیں ہو سکتے بلکہ یقیناً وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کی قدرتیں اور طاقتیں بے شمار ہیں۔ اس نے انسانی تکمیل کے لئے دیر تک صبر کا قانون رکھا ہے۔ پس اس کو وہ بدلتا نہیں اور جو چاہتا ہے کہ وہ اس قانون کو اس کے لئے بدل دے۔ وہ گویا اللہ تعالیٰ کی جناب میں گستاخی کرتا اور بے ادبی کی جرأت کرتا ہے۔ پھر یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ بعض لوگ بے صبری سے کام لیتے ہیں اور مداری کی طرح چاہتے ہیں کہ ایک دم میں سب کام ہو جائیں۔ میں کہتا ہوں کہ اگر کوئی بے صبری کرے تو بھلا بے صبری سے خدا تعالیٰ کا کیا بگاڑے گا۔ اپنا ہی نقصان کرے گا۔ بے صبری کر کے دیکھ لے وہ کہاں جائے گا۔

(ملفوظات جلد دوم ص 150)

## دعا اور بارش

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ جمعہ کے دن خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ ایک آدمی کھڑا ہوا اور قحط کا ذکر کر کے بارش کے لئے دعا کی درخواست کی۔ آنحضرتؐ نے ہاتھ اٹھا کر دعا کی۔ تھوڑی دیر بعد موسلا دھار بارش شروع ہوگئی اور اگلے جمعہ تک ہوتی رہی۔ اگلے جمعہ میں ایک آدمی پھر اٹھا اور بارش کے نقصانات کا ذکر کر کے اس کے رکنے کے لئے دعا کی درخواست کی۔ چنانچہ تھوڑی دیر میں ہی مدینہ کا موسم صاف ہو گیا۔

(صحیح بخاری کتاب المناقب باب علامات النبوۃ حدیث نمبر 3317)

## احمدی طالب علم کا اعزاز

❁ مکرم ڈاکٹر محمود احمد صاحب وڑائچ ڈیفنس لاہور تحریر کرتے ہیں۔

میرے بیٹے مکرم حسن محمود صاحب وڑائچ نے یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز کے اینیمل ری پروڈکشن ڈیپارٹمنٹ سے پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری مکمل کر لی ہے۔ اس ڈیپارٹمنٹ سے پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کرنے والے وہ پہلے طالب علم ہیں۔ ان کے مقالہ کا موضوع نیلی راوی بھینسوں میں کنٹرول بریڈنگ سے متعلق بنیادی اور قابل عمل امور کے متعلق تھا ان کے چار مقالہ جات بین الاقوامی جرائد میں شائع ہو چکے ہیں۔ مزید برآں ان کی تحقیق قومی اور بین الاقوامی کانفرنسوں اور ورکشاپ میں پیش کی جا چکی ہے۔ آجکل وہ پاکستان، آسٹریلیا کے اشتراک کے تحت ڈیری امپرومنٹ کے پراجیکٹ میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کامیابی کو مبارک کرے اور آئندہ کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

## نرسنگ انسٹرکٹر کی ضرورت

❁ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ / فضل عمر ہسپتال کے نرسنگ سکول میں مرد یا خاتون نرسنگ انسٹرکٹر کی ضرورت ہے۔ ایسے حضرات/خواتین جو درج ذیل قابلیت کے حامل ہوں اپنی درخواستیں صدر صاحب محلہ/امیر صاحب کی تصدیق سے بنام ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ جلد روانہ کریں۔ درخواست دہندہ کیلئے ضروری ہے کہ وہ

پاکستان نرسنگ کونسل کے رجسٹرڈ ہوں۔

نرسنگ کا تجربہ رکھتی/رکھتے ہوں

بطور نرسنگ انسٹرکٹر/ٹیوٹر کا تجربہ رکھنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

درخواست دہندہ اپنی درخواستیں 31 مارچ 2008ء تک ارسال کر دیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

# چوتھی سالانہ دعوت طعام و تقسیم انعامات

## انجمن تاجران ربوہ 2007ء

انجمن تاجران ربوہ کے زیراہتمام مورخہ 14 مارچ 2008ء کو بعداز نماز جمعہ بیوت الحمد کے سبزہ زار میں چوتھی سالانہ دعوت طعام 2007ء منعقد ہوئی۔ جس میں ربوہ بھر کے 1200 سے زائد تاجر حضرات اور 200 مہمانان تشریف لائے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی تھے۔

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ مکرم ڈاکٹر عبدالخالق خالد صاحب سرپرست اعلیٰ انجمن تاجران نے رپورٹ پیش کی۔ جس میں انہوں نے تفصیل سے انجمن تاجران کے شعبہ جات کی کارکردگی پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ اگرچہ یہ تقریب دسمبر 2007ء میں منعقد کرنے کا ارادہ تھا تاہم بوجوہ اس میں تاخیر واقع ہوگئی۔

انہوں نے کہا انجمن تاجران ربوہ ایک رجسٹرڈ ادارہ ہے جو جماعت کی سرپرستی میں کام کررہا ہے۔ اس کا مرکزی دفتر بشارت مارکیٹ اقصیٰ روڈ بالائی منزل پر واقع ہے۔ جو روزانہ شام تین سے چار گھنٹے کھلتا ہے اور مرکزی عہدیدار باقاعدگی سے کام کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ مارکیٹس میں صدر اور سیکرٹری مقرر ہیں جو مرکزی نظام کی ہدایات کی روشنی میں فعال رہتے ہیں۔

انہوں نے بتایا کہ مصالحت کا شعبہ جو مختلف معاملات، جھگڑوں، شکایات اور مسائل وغیرہ کو حل کرتا ہے، اس سال 417 کیسز آئے جن میں سے 410 کیسز کا تصفیہ دفتر انجمن تاجران میں ہی کرادیا گیا۔ شعبہ صلوٰۃ کے تحت نماز باجماعت کے قیام کی طرف مسلسل توجہ، تحریک اور تلقین کا عمل جاری ہے۔ مارکیٹس میں 19 نماز سنٹرز قائم کئے گئے ہیں جہاں نماز باجماعت کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اس امر کی کوشش جاری ہے کہ نمازوں کے اوقات میں کاروبار بند رہے۔

انہوں نے کہا دوران سال سڑکوں سے ناجائز تجاوزات ختم کرنے میں بھی قابل قدر کام کیا گیا ہے، ہمارے شہر کی اہم اور کھلی سڑکیں ناجائز تجاوزات سے تنگ کی جارہی تھیں اور آمدورفت میں مشکلات پیش آرہی تھیں۔ ریڑھیوں کے لئے الگ بازار قائم کیا، اب اس امر کی ضرورت ہے کہ شہری بھی انجمن تاجران سے تعاون کریں اور گزرگاہوں اور سڑکوں پر رکاوٹ ڈالنے والے افراد کی حوصلہ شکنی کریں اور ان سے سڑکوں پر کھڑے ہوکر خرید و فروخت سے اجتناب کریں۔

انجمن تاجران کا سرکاری ادارہ جات کے ساتھ مؤثر رابطہ کا نظام قائم ہے۔ پلاسٹک بیگز کے رواج کو کم کرنے یا ختم کرنے اور عوام کی آگاہی کے لئے انجمن تاجران نے ایک کتابچہ شائع کرواکر ربوہ میں تقسیم کیا۔ اس امر کی بھی ضرورت ہے کہ پبلک کو اس کا متبادل انتظام بھی مہیا کیا جائے۔

انہوں نے دکاندار بھائیوں سے کہا کہ وہ ایک مثالی احمدی تاجر کی خوبیاں اپنے اندر پیدا کریں، گاہکوں سے خوش اخلاقی اور احترام سے پیش آئیں۔ ہماری کوشش ہونی چاہئے کہ منافع کی شرح جائز ہو، باہر سے لوگ یہاں خریداری کرنے آئیں نہ کہ ہمارے مرد و زن قریبی شہروں میں عام خرید و فروخت کرنے جائیں۔

رپورٹ کے بعد مہمان خصوصی نے عہدیداران انجمن تاجران اور حسن کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے دکانداران میں اعزازی و یادگاری شیلڈز تقسیم کیں۔ مہمان خصوصی نے اپنے خطاب میں شاپنگ بیگز کے استعمال کو ختم کرنے کی طرف توجہ دلائی اور فرمایا کہ شاپنگ بیگز ہمارے ماحول میں تباہ کن اثرات چھوڑ رہے ہیں۔ اگر شاپرز نہ ہوں تو شہر کا کوڑا وغیرہ زمیندار اپنی زمینوں میں کھاد کے طور پر ڈالنے کے لئے لے جائیں اور شہر میں صفائی کے معیار میں اضافہ ہو جائے۔ شاپنگ بیگ نہ جلتا ہے اور نہ دفن کرنے سے ضائع ہوتا ہے۔ اس کے خطرات سے آپ سب کو واقف ہونا چاہئے، اس کے متبادل کا انتظام کروانا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے کام اور رزق میں برکت عطا فرمائے اور دینی طریق پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ دعا کے ساتھ یہ تقریب اختتام کو پہنچی اور وسیع وعریض پنڈال میں بیٹھے ہوئے سینکڑوں دکانداران اور مہمانان کی خدمت میں ظہرانہ پیش کیا گیا۔

## سانحہ ارتحال

مکرم مظہر احمد صاحب دارالیمن وسطی حمد ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی والدہ محترمہ مقبول بیگم صاحبہ بیوہ مکرم محمد شریف صاحب مرحوم مورخہ 12 مارچ 2008ء کو بعمر 82 سال وفات پا گئیں۔ اسی روز آپ کی نماز جنازہ بیت الحمد دارالیمن وسطی حمد ربوہ میں نماز مغرب کے بعد مکرم سلیمان پروازی صاحب نے پڑھائی قبرستان عام میں تدفین کے بعد مکرم ماسٹر محمد ارشد صاحب صدر محلہ دارالیمن وسطی حمد نے دعا کروائی۔ مرحومہ مکرم حکیم مولوی نور احمد صاحب لودھی ننگل رفیق حضرت مسیح موعود کی پوتی تھیں۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے مرحومہ کے درجات بلند فرماتا چلا جائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

# اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## تکمیل ناظرہ

مکرم رانا مبارک احمد صاحب سیکرٹری امور عامہ چک 2/T.D.A ضلع خوشاب اطلاع دیتے ہیں کہ میری بھانجی وردہ چغتائی بنت مکرم مرزا مختار احمد صاحب نے 5 سال کی عمر میں قرآن کریم ناظرہ مکمل کرلیا ہے۔ قرآن مجید کا پہلا دور 2 ماہ 10 دن میں ختم کیا۔ بچی مکرم مرزا ممتاز احمد صاحب صدر جماعت شاہ پور ضلع سرگودھا کی پوتی ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو قرآن پڑھنے سمجھنے اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

## اعزاز

(گورنمنٹ جامعہ نصرت برائے خواتین ربوہ)

گورنمنٹ جامعہ نصرت برائے خواتین ربوہ کی طالبات نے شکر گنج شوگر ملز جھنگ میں مورخہ 6 تا 7 مارچ 2008ء کو منعقد ہونے والی کھیلوں میں حصہ لیا۔ اور بیڈمنٹن، والی بال، ریلے ریس اور اتھلیٹکس میں اول پوزیشن حاصل کی نمایاں کھلاڑیوں کے نام درج ذیل ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| شہنیلہ صادق | 100 میٹر | اول |
| شہنیلہ صادق | 200 میٹر | اول |
| قرۃ العین بشارت | 800 میٹر | اول |
| قرۃ العین بشارت | 1500 میٹر | اول |
| شہنیلہ صادق | 400 میٹر | اول |
| قرۃ العین بشارت | 400 میٹر | دوم |
| شہنیلہ صادق | شاٹ پٹ | اول |
| مدیحہ جاوید | شاٹ پٹ | دوم |
| مدیحہ جاوید | ڈسکس | اول |
| شہنیلہ صادق | لانگ جمپ | اول |
| مدیحہ جاوید | لانگ جمپ | دوم |
| قرۃ العین | سائیکل ریس | اول |
| شہنیلہ صادق | سائیکل ریس | اول |
| مدیحہ جاوید | بیڈمنٹن سنگل | اول |

والی بال ٹیم میں شہنیلہ صادق، مدیحہ جاوید، قرۃ العین

بیڈمنٹن ڈبل میں مدیحہ جاوید۔ عائشہ

ریلے ریس۔ ٹیم میں مدیحہ جاوید۔ شہنیلہ صادق۔ قرۃ لعین، تصور شاہین شامل تھیں۔

شہنیلہ صادق 30 پوائنٹ کے ساتھ بہترین کھلاڑی قرار پائیں۔

اللہ تعالیٰ یہ اعزاز کھلاڑیوں کیلئے مبارک کرے۔

(پرنسپل گورنمنٹ جامعہ نصرت برائے خواتین ربوہ)

## تقریب شادی

مکرمہ مقبول بیگم صاحبہ بیوہ مکرم حکیم خورشید احمد صاحب ناصر آباد شرقی ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ صادقہ قمر صاحبہ کی شادی مکرم محمد شفیق ناصر صاحب ابن مکرم محمد سلیم جاوید صاحب نصیر آباد رحمٰن ربوہ کے ساتھ مورخہ 13 فروری 2008ء کو ہوئی۔ تقریب رخصتانہ کے موقع پر محترم عبدالسمیع خان صاحب ایڈیٹر روزنامہ الفضل نے دعا کروائی۔ اگلے روز دفاتر انصاراللہ پاکستان کے سبزہ زار میں تقریب ولیمہ منعقد ہوئی۔ اس موقع پر محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ناظر دیوان نے دعا کروائی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ مولا کریم محض اپنے فضل و کرم سے اس شادی کو ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔

## درخواست دعا

مکرم ندیم احمد صاحب نائب وکیل المال ثانی تحریک جدید ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی خالہ محترمہ رابعہ بی بی صاحبہ والدہ مکرم ڈاکٹر ناصر احمد جاوید صاحب ناظم مجلس انصاراللہ ضلع حافظ آباد گزشتہ 5 دن سے فضل عمر ہسپتال کے ICU میں زیر علاج ہیں۔ اب خدا کے فضل سے حالت خطرے سے باہر ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے انہیں صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

اسی طرح خاکسار کی خوشدامن صاحبہ اہلیہ مکرم شیخ ظفر محمود صاحب کبابش ہوٹل گولبازار ربوہ کی کولہے کی ہڈی گرنے کی وجہ سے ٹوٹ گئی تھی۔ اس سے پہلے دو آپریشن ہو چکے ہیں۔ اب تیسرا آپریشن میو ہسپتال لاہور میں مورخہ 15 مارچ 2008ء کو ہوا ہے۔ آپریشن کافی طویل اور پیچیدہ تھا احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل و کرم سے انہیں معجزانہ شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

مکرمہ شائستہ بشیر صاحبہ سٹاف نرس فضل عمر ہسپتال ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

خاکسار کی والدہ محترمہ ارشاد بیگم صاحبہ زوجہ مکرم بشیر احمد صاحب بھلور ضلع سیالکوٹ بوجہ فالج C.M.H سیالکوٹ کے I.C.U میں داخل ہیں۔ حالت غیر تسلی بخش ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل و کرم سے شفاء کامل عطا فرمائے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

# بیکاری ایک وبا ہے اس کا شکار تمام معاشرے کو بیکار کر دیتا ہے

## بیکار لوگ معمولی مزدوری کر لیں اور قوم کے لئے مفید وجود بنیں۔ اس سے اخلاق درست ہوتے ہیں

## تمام آوارگیاں بیکاری سے پیدا ہوتی ہیں۔ بیکاری سے بڑھ کر کوئی جرم نہیں

سیدنا حضرت مصلح موعود کے خطبہ جمعہ 20 دسمبر 1935ء سے اقتباس

تحریک جدید کی ہدایتوں میں سے ایک ہدایت یہ بھی تھی کہ ہماری جماعت کے افراد بیکار نہ رہیں۔ میں نہیں کہہ سکتا میری اس تحریک پر جماعت نے کس حد تک عمل کیا لیکن اپنے طور پر میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ جماعت نے اس پر کوئی عمل نہیں کیا اور اگر کیا ہو تو میرے پاس اس کی رپورٹ نہیں پہنچی۔ **یاد رکھو جس قوم میں بیکاری کا مرض ہو وہ نہ دنیا میں عزت حاصل کر سکتی ہے اور نہ دین میں عزت حاصل کر سکتی ہے۔** بیکاری ایک وبا کی طرح ہوتی ہے جس طرح ایک طاعون کا مریض سارے گاؤں والوں کو طاعون میں مبتلا کر دیتا ہے، جس طرح ایک ہیضہ کا مریض سارے گاؤں والوں کو ہیضہ میں مبتلا کر دیتا ہے اسی طرح تم ایک بیکار کو کسی گاؤں میں چھوڑ دو وہ سارے نوجوانوں کو بیکار بنانا شروع کر دے گا۔

جو شخص بیکار رہتا ہے وہ کئی قسم کی گندی عادتیں سیکھ جاتا ہے۔ مثلاً تم دیکھو گے کہ بیکار آدمی ضرور اس قسم کی کھیلیں کھیلے گا جیسے تاش یا شطرنج وغیرہ ہیں اور جب وہ یہ کھیلیں کھیلنے بیٹھے گا تو چونکہ وہ اکیلا کھیل نہیں سکتا، اس لئے وہ لازماً دو چار اور لڑکوں کو اپنے ساتھ ملانا چاہے گا اور پھر وہ اپنے حلقہ کو اور وسیع کرتا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے ہمارے ایک استاد تھے ان کے دماغ میں کچھ نقص تھا۔ بعد میں وہ اسی نقص کی وجہ سے مدعی ماموریت اور نبوت بھی ہو گئے۔ انہیں بھی کسی زمانہ میں تاش کھیلنے کا شوق تھا اور باوجود اس کے کہ وہ ہمارے استاد تھے اور ان کا کام یہ تھا کہ ہماری تربیت کریں۔ پھر بھی وہ پکڑ کر ہمیں بٹھا لیتے اور کہتے آؤ تاش کھیلیں۔ اس وقت ہم کو بھی اس کھیل میں مزہ آتا۔ کیونکہ بچپن میں جس کام پر بھی لگا دیا جائے اسی میں بچے کو لذت آتی ہے لیکن آج یہ بیہودہ کھیل معلوم ہوتی ہے۔ مجھے یاد ہے کہ بعض اور بچے بھی ان کے ساتھ تاش کھیلتے۔ جب نماز کا وقت آتا تو ہم نماز پر جانے کے لئے گھبراہٹ کا اظہار کرتے لیکن جب انہیں ہماری گھبراہٹ محسوس ہوتی تو کہتے ایک بار اور کھیل لو اور وہ کھیلتے تو تھوڑی دیر کے بعد کہتے ایک بار اور کھیل لو ہمارے کان میں چونکہ ہر وقت یہ باتیں پڑتی رہتی تھیں کہ دین کی کیا قیمت ہے اس لئے جب ہم دیکھتے کہ نماز کو دیر ہو رہی ہے تو اٹھ کر نماز کے لئے بھاگ جاتے مگر جن کے کانوں میں یہ آواز نہ پڑے کہ دین کی کیا قدر و قیمت ہوتی ہے۔ ان کے ساتھ اگر ایسی کھیلوں میں دوست مل جائیں یا کوئی استاد ہی مل جائے تو ان کی زندگی کے تباہ ہونے میں کیا شبہ ہو سکتا ہے۔ جس وقت فٹ بال کی کھیل میں مقابلہ ہوتا ہے یا کرکٹ میں مقابلہ ہوتا ہے یا تاش میں مقابلہ ہوتا ہے تو بچے لذت محسوس کرتے ہیں کیونکہ انسان کو ترقی دینے کے لئے اللہ تعالیٰ نے فطرت میں یہ مادہ رکھا ہے کہ وہ مقابلہ میں دلچسپی لیتی اور لذت محسوس کرتی ہے۔ اگر کبھی چوری کے مقابلہ کی عادت ڈال دو تو تھوڑے ہی دنوں میں تم دیکھو گے کہ چوریاں زیادہ ہونے لگی ہیں اور لوگوں نے چوری میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش شروع کر دی ہے۔ یہی مقابلہ کی روح ہے جو تاش وغیرہ کھیلوں کے ذریعہ بچوں کی زندگی برباد کر دیتی ہے غرض تم کسی شہر میں ایک آوارہ کو چھوڑ دو وہ چونکہ بیکار ہو گا اس لئے اپنی بیکاری کو دور کرنے کے لئے کوئی کام نکالے گا کیونکہ انسان اگر فارغ بیٹھے تو تھوڑے ہی دنوں میں پاگل ہو جائے لیکن چونکہ وہ محنت سے جی چراتا ہے اس لئے بجائے کوئی مفید کام کرنے کے ایسے کام کرتا ہے جن میں اس کا دن بھی گزر جاتا اور جی بھی لگا رہتا ہے۔ کہیں تاش شروع ہو جائیں گے، کہیں شطرنج کھیلی جائے گی، کہیں گانا شروع ہو جائے گا، کہیں بانسریاں بجنی شروع ہو جائیں گی، کہیں سارنگیاں اور پھر طبلے بجنے لگ جائیں گے۔ یہاں تک کہ اسے ان چیزوں کی عادت ہو جائے گی اور ان سے پیچھے ہٹنا اس کے لئے ناممکن ہو جائے گا۔ وہ بظاہر ایک آوارہ ہو گا مگر درحقیقت وہ مریض ہو گا طاعون کا، وہ مریض ہو گا ہیضے کا جو نہ صرف خود ہلاک ہو گا بلکہ ہزاروں اور قیمتی جانوں کو بھی ہلاک کرے گا۔ پھر اس سے متاثر ہونے والے متعدی امراض کی طرح اَور لوگوں کو متاثر کریں گے اور وہ اَور کو یہاں تک کہ ہوتے ہوتے ملک کا کثیر حصہ اس لعنت میں گرفتار ہو جائے گا۔ پس بیکاری ایسا مرض ہے کہ جس علاقہ میں یہ ہو اس کی تباہی کے لئے کسی اور چیز کی ضرورت نہیں۔

**پہلا بیکار اس لئے بنا تھا کہ اس کے والدین نے اس کے لئے کام مہیا نہ کیا لیکن دوسرے بیکار اس لئے بنیں گے کہ وہ ایک بیکار سے متاثر ہو کر اس کے رنگ میں رنگین ہو جائیں گے** اور اس کی بدعادات کو اپنے اندر پیدا کر کے اپنی زندگی کا مقصد یہی سمجھیں گے کہ کہیں بیٹھے تو گا لیا کہیں سر مار لیا، کہیں تاش کھیل لی، کہیں شطرنج کھیل لیا، کہیں جؤا کھیلنے لگ گئے۔ غرض بیکاروں کی تمام تر کوشش ایسے ہی کاموں کے لئے ہو گی جو نہ ان کے لئے مفید نہ سلسلہ کے لئے اور نہ مذہب کے لئے۔ پھر اقتصادی لحاظ سے بھی بیکاری ایک لعنت ہے اور جس قدر جلد ممکن ہو دور کرنا چاہئے۔ ہمارے ملک کی آمد پہلے ہی چھ پائی فی کس ہے اور یہ ہر شخص کی آمد نہیں بلکہ کروڑ پتیوں کی آمد ڈال کر اوسط نکالی گئی ہے اور ان لوگوں کی آمد ڈال کر نکالی گئی ہے جن کی دو دو تین تین لاکھ روپیہ ماہوار آمد ہے۔ ورنہ اگر ان کو نکال دیا جائے تو ہمارے ملک کی آمد فی کس دو تین پائی رہ جاتی ہے۔ جس ملک کی آمدنی کا یہ حال ہو اس میں سمجھ لو کتنے بیکار ہوں گے۔ اگر ملک کے تمام افراد کام پر لگے ہوئے ہوتے تو یہ حالت نہ ہوتی۔ لیکن اب تو یہ حال ہے کہ اگر کوئی دو آنے کماتا ہے تو اس پر اتنے بیکاروں کا بوجھ ہوتا ہے کہ اپنے لئے اس کی آمد دمڑی رہ جاتی ہے اور جو کماتا ہے اس کی آمد پر بھی اثر پڑتا ہے۔

تو بیکاروں کی وجہ سے ایک تو دوسرے لوگ ترقی نہیں کر سکتے۔ کیونکہ بیکار ان کے لئے بوجھ بنتے ہیں دوسرے جب ملک میں ایک طبقہ ایسا ہو جو آگے نہ بڑھنے والا ہو تو دوسرے لوگوں کا قدم بھی ترقی کی طرف نہیں بڑھ سکتا۔ کیونکہ بیکار مزدوری کو بہت کم کر دیتے ہیں۔ بیکار شخص ہمیشہ عارضی کام کرنے کا عادی ہوتا ہے اور جب کسی کی بیکاری حد سے بڑھتی اور وہ بھوکوں مرنے لگتا ہے تو مزدوری کے لئے نکل کھڑا ہوتا ہے لیکن چونکہ اسے سخت احتیاج ہوتی ہے اس لئے اگر ایک جگہ مزدور کو چار آنے مل رہے ہوں تو یہ دو آنے لے کر بھی وہ کام کر دے گا اور اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ سارے مزدوروں کی اجرت دو آنے ہو جائے گی اور لوگ کہیں گے کہ جب ہمیں دو دو آنے پر مزدور مل جاتے ہیں تو ہم چار آنے مزدوری کیوں دیں۔ پس وہ ایک بیکار ساری دنیا کے مزدوروں کی اجرت کو نقصان پہنچاتا اور سب کو دو آنے لینے پر مجبور کر دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ **جن قوموں میں بیکاری زیادہ ہو ان میں مزدوری نہایت سستی ہوتی ہے۔ کیونکہ بیکار مجبوری کی وجہ سے کام کرتا اور باقی مزدوروں کی اجرتوں کو نقصان پہنچا دیتا ہے۔** لیکن جن قوموں میں بیکاری کم ہو ان میں مزدوری مہنگی ہوتی ہے۔ تو بیکار اقتصادی ترقی کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔ بیکار شخص ہمیشہ مانگنے کا عادی ہو گا۔ دوسروں پر بوجھ بنے گا اور اگر کبھی مزدوری کرے گا تو مزدوروں کی ترقی کو نقصان پہنچائے گا۔ پس اقتصادی لحاظ سے بھی بیکاروں کا وجود سخت خطرناک ہے۔ پھر نہ صرف اقتصادی لحاظ سے بیکاروں کا وجود خطرناک ہے بلکہ قومی لحاظ سے بھی ان کا وجود خطرناک ہے۔ اگر کسی قوم میں دس ہزار میں سے ایک ہزار بیکار ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس قوم کے پاس سو میں سے صرف نوے شخص موجود ہیں اور ان پر بھی دس فیصدی کا بوجھ ہے۔ ایسی قوم دنیا کی اور قوموں کے مقابلہ میں جن کا ہر فرد خود کمانے کا عادی ہو کس طرح کامیاب ہو سکتی ہے۔ نیلامی میں اس قسم کا نظارہ دیکھنے کا موقع مل سکتا ہے۔ ایک شخص کے پاس ایک سو روپیہ ہوتا ہے اور دوسرے کے پاس ایک سو ایک لیکن یہ سو روپیہ پاس رکھنے والا شخص وہ چیز نہیں لے سکتا جو صرف ایک روپیہ زائد پاس رکھنے والا اس کا مخالف لے جاتا ہے۔ اگر صرف ایک روپیہ زائد پاس رکھنے سے نیلامیوں میں مخالف کامیاب ہو جاتا ہے تو جہاں سو کے مقابلہ میں کسی کے پاس نوے روپے ہوں وہ کس طرح کامیاب ہو سکتا ہے۔ ایسے شخص کا تو شکست کھا جانا یقینی ہے۔ ہندوؤں کو دیکھ لو ان میں چونکہ بیکار کم ہیں اس لئے وہ ہر مرحلہ پر مسلمانوں کو شکست دے دیتے ہیں، ان کی قوم دولت کمانے کی عادی ہے اور گو وہ دنیا کی خاطر دولت کماتی ہے جسے ہم اچھا نہیں سمجھتے مگر اقتصادی اور قومی طور پر اس کا نتیجہ ان کے لئے نہایت ہی خوشکن نکلتا ہے۔

پس میں نے تحریک کی تھی کہ **ہماری جماعت میں جو لوگ بیکار ہیں وہ معمولی سے معمولی مزدوری کر لیں مگر بیکار نہ رہیں۔** لیکن جہاں تک مجھے معلوم ہے میری اس نصیحت پر عمل نہیں کیا گیا اور اگر کیا گیا تو بہت کم حالانکہ اگر کوئی شخص بی اے یا ایم اے ہے اور اسے ملازمت نہیں ملتی اور وہ کوئی ایسا کام شروع کر دیتا ہے جس کے نتیجہ میں وہ دو یا پانچ روپے ماہوار کماتا ہے تو اس کا اسے بھی فائدہ ہو گا اور جب وہ کام میں مشغول رہے گا تو دوسروں کو بھی فائدہ ہو گا اور اس سے عام لوگوں کو وہ نقصان نہیں پہنچائے گا جو بیکار شخص سے پہنچتا ہے۔ بلکہ محنت سے کام کرنے کی وجہ سے اس کے اخلاق درست ہوں گے۔ محنت سے کام کرنے کی وجہ سے اس کے ماں باپ کا روپیہ جو اس پر صرف کرتے تھے ضائع نہیں ہو گا اور محنت سے کام کرنے کی وجہ سے اس سے قوم کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ غرضیکہ وہ اپنی اخلاقی حالت کو بھی درست کرے گا اور اقتصادی حالت کو بھی۔

پس میں ایک دفعہ پھر جماعت کو توجہ دلاتا ہوں کہ یہ کوئی معمولی بات نہیں جو لوگ اپنے بیکار بچے کے متعلق یہ کہتے ہیں کہ یہ ہمارا بچہ ہے ہمارے گھر سے روٹی کھاتا ہے کسی اور کو اس میں دخل دینے کی کیا ضرورت ہے وہ ویسی ہی بات کہتے ہیں جیسے کوئی کہے کہ میرا بچہ طاعون سے بیمار ہے کسی اور کو گھبرانے کی کیا ضرورت ہے۔ یا میرا بچہ ہیضہ سے بیمار ہے کسی اور کو گھبرانے کی کیا ضرورت ہے۔ جس طرح طاعون کے مریض کے متعلق کوئی شخص یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس کے متعلق کسی اور کو کچھ کہنے کی کیا ضرورت ہے بلکہ سارے شہر کو حق حاصل ہے کہ اس پر گھبراہٹ کا اظہار کرے اور اس بیماری کو روکے۔ جس طرح ہیضہ کے مریض کے متعلق کوئی شخص یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس معاملہ میں کسی اور کو کہنے کی کیا ضرورت ہے بلکہ سارا شہر اس بات کا حق رکھتا ہے کہ اس کے متعلق گھبراہٹ ظاہر کرے اور اس بیماری کو روکے۔ اسی طرح جو شخص بیکار ہے اس کے متعلق تم یہ نہیں کہہ سکتے کہ اسے ہم خود روٹی کھلاتے اور کپڑے پہناتے ہیں کسی اور کو اس میں دخل دینے کی کیا ضرورت ہے۔ بلکہ ہر شخص کو حق حاصل ہے کہ وہ اس بیکاری کے مرض کو دور کرنے کی کوشش کرے کیونکہ وہ طاعون اور ہیضہ کے کیڑوں کی طرح دوسرے بچوں کا خون چوستا اور انہیں بدعادات میں مبتلا کرتا ہے۔ تم ہیضہ کے مریض کو اپنے گھر میں رکھ سکتے ہو تم طاعون کے مریض کو اپنے گھر میں رکھ سکتے ہو مگر تم ہیضہ اور طاعون کے کیڑوں کو اپنے گھر میں نہیں رکھ سکتے۔ کیونکہ وہ پھیلیں گے اور دوسروں کو مرض میں مبتلاء کریں گے۔ اسی طرح تم یہ کہہ کر ہم اپنے بچوں کو کھلاتے اور پلاتے ہیں اس ذمہ داری سے عہدہ برا نہیں ہو سکتے جو تم پر عائد ہوتی ہے بلکہ تمہارا فرض ہے کہ جس قدر جلد ہو سکے اس بیماری کو دور کرو ورنہ قوم اور ملک اس کے خلاف احتجاج کرنے میں حق بجانب ہوں گے۔ پس یہ معمولی بات نہیں کہ اسے نظرانداز کیا جاسکے۔ اگر ایک کروڑ پتی کا بچہ بھی بیکار ہے تو وہ اپنے گھر کو ہی نہیں بلکہ ملک کو بھی تباہ کرتا ہے۔

**یاد رکھو تمام آوارگیاں بیکاری سے پیدا ہوتی ہیں اور آوارگی سے بڑھ کر دنیا میں اور کوئی جرم نہیں۔** میرے نزدیک چور ایک آوارہ سے بہتر ہے بشرطیکہ ان دونوں جرائم کو الگ الگ کیا جاسکے اور اگر چوری اور آوارگی کو الگ الگ کرکے میرے سامنے رکھا جائے تو یقیناً میں یہی کہوں گا کہ چور ہونا اچھا ہے مگر آوارہ ہونا برا۔ قتل نہایت ناجائز و ناپسندیدہ فعل ہے لیکن اگر میری طرح کسی نے اخلاق کا مطالعہ کیا ہو اور ان دونوں جرائم کو الگ الگ رکھ کر اس سے دریافت کیا جائے کہ ان میں سے کون سا فعل زیادہ برا ہے تو وہ یقیناً یہی کہے گا کہ قتل کرنا اچھا ہے مگر آوارہ ہونا برا۔ کیونکہ ممکن ہے قاتل پر ساری عمر میں صرف ایک گھنٹہ ایسا آیا ہو جبکہ اس نے جوش میں آکر کسی شخص کو قتل کردیا ہو لیکن آوارہ آدمی ساری عمر ذہنی طور پر قاتل بنا رہتا ہے اور اپنی عمر کے ہر گھنٹہ میں اپنی روح کو ہلاک کرتا ہے تم ایک قاتل کو نیک دیکھ سکتے ہو لیکن تم کسی آوارہ کو نیک نہیں دیکھ سکتے کیونکہ ہو سکتا ہے ایک شخص نیک ہو لیکن اس کی عمر میں ایک گھنٹہ ایسا آجائے جب وہ جوش میں آکر کسی کو قتل کردے اور قتل کے بعد اپنے کئے پر پشیمان ہو اور دوسرے گھنٹہ میں ہی وہ اپنے رب کے سامنے جھک جائے اور کہے کہ اے میرے رب! مجھ سے غلطی ہوئی مجھے معاف فرمائیں پس ہو سکتا ہے وہ معاف کردیا جائے لیکن آوارہ شخص خداتعالیٰ کی طرف نہیں جھکتا کیونکہ وہ مردہ ہوتا ہے اس میں کوئی روحانی حس باقی نہیں رہتی۔ میرے نزدیک دنیا کا خطرناک سے خطرناک جرم آوارگی سے کم ہے اور آوارگی مجموعہ جرائم ہے۔ کیونکہ جرم ایک جزو ہے اور آوارگی تمام جرائم کا مجموعہ۔ ایک بادشاہ کے ہاتھ کی قیمت بادشاہ کی قیمت سے کم ہے، ایک جرنیل کے ہاتھ کی قیمت جرنیل سے کم ہے۔ اسی طرح ہر جرم کی پاداش آوارگی سے کم ہے کیونکہ جرم ایک جزو ہے اور آوارگی اس کی کل ہے۔ تم دنیا سے آوارگی مٹا ڈالو تمام جرائم خود بخود مٹ جائیں گے۔ تمام جرائم کی ابتداء بچپن کی عمر سے ہوتی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ بچہ آوارگی میں مبتلا ہوتا ہے تم بچے کو کھلا چھوڑ دیتے ہو اور کہتے ہو یہ بچہ ہے اس پر کیا پابندیاں عائد کریں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ خطرناک جرائم کا عادی بن جاتا ہے۔ **اگر دنیا اپنے تمدن کو ایسا تبدیل کردے کہ بچے فارغ نہ رہ سکیں تو یقیناً دنیا میں جرائم کی تعداد معقول حد تک کم ہو جائے۔** لوگ اصلاح اخلاق کے لئے کئی تجویزیں سوچتے اور قسم قسم کی تدبیریں اختیار کرتے ہیں مگر وہ سب ناکام رہتی ہیں اس کے مقابلہ میں اگر بچوں کو کام پر لگا دیا جائے اور بچپن کی عمر کو فارغ عمر نہ قرار دیا جائے تو نہ چوری باقی رہے نہ جھوٹ، نہ دغا، نہ فریب اور نہ کوئی اور فعل بد۔ بالعموم لوگ بچپن کی عمر کو بیکاری کا جائز زمانہ سمجھتے ہیں حالانکہ وہ بیکاری بھی ویسی ہی ناجائز ہے جیسے بڑی عمر میں کسی کا بیکار رہنا۔ چنانچہ ہماری شریعت نے اس کو خصوصیت سے مدنظر رکھا ہے اور رسول کریم ﷺ نے اس کے متعلق ...... ہدایت دی ہے۔ پاگل اور دیوانے کہتے ہیں کہ یہ بے معنی حکم ہے۔ حالانکہ یہ بہترین تعلیم ہے جو بچوں کے اخلاق کی اصلاح کے لئے رسول کریم ﷺ نے دی۔ آپ فرماتے ہیں جب بچہ پیدا ہو تو اس کے دائیں کان میں ...... کہو اور بائیں میں اقامت۔ وہ بچہ جو ابھی بات نہیں سمجھتا، وہ بچہ جو آج ہی پیدا ہوا ہے رسول کریم ﷺ اس کے متعلق فرماتے ہیں کہ تم آج ہی اس سے کام لو اور پیدا ہوتے ہی اس کے کان میں ...... دو۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ بچہ کے پیدا ہوتے ہی تمہیں اس کے کان میں ...... دینی چاہئے لیکن دوسرے اور تیسرے دن نہیں۔ کیا پہلے دن بچہ ...... کو سمجھ سکتا تھا مگر مہینہ کے بعد کم فہم ہو جاتا ہے کہ تم اس حکم کو نظرانداز کردیتے ہو یا سمجھتے ہو کہ پہلے دن تو وہ اس قابل تھا کہ اس سے کام لیا جاتا لیکن سال دو سال گزرنے کے بعد وہ ناقابل ہو گیا ہے۔ جو شخص ہمیں یہ نصیحت کرتا ہے کہ تم بچہ کے پیدا ہوتے ہی اس کے کان میں ...... دو یقیناً وہ اس تعلیم کے ذریعہ ہمیں اس نکتہ سے آگاہ کرتا ہے کہ بچہ کا ہر دن تعلیم کا دن ہے اور ہر روز اس کی تربیت کا تمہیں فکر کرنا چاہئے ...... ذمہ داری ان لوگوں پر عائد ہو جائے گی جن کے گھروں میں بیکار بچے رہے اور انہوں نے ان کی بیکاری کو دور کرنے کا کوئی انتظام نہ کیا۔ پس یہ غلطی ہے کہ ہمارے ملک میں بچپن کے زمانہ کو بیکاری کا زمانہ سمجھتے ہیں حالانکہ اگر بچپن کا زمانہ بیکاری کا زمانہ ہے تو پھر چوری چوری نہیں اور فریب فریب نہیں۔ تمام بدکاریاں اور تمام قسم کے فسق و فجور بچپن میں ہی سیکھے جاتے ہیں اور پھر ساری عمر کے لئے لعنت کا طوق بن کر گلے میں پڑ جاتے ہیں۔

پس **بیکاری کا ایک دن بھی موت کا دن ہے جب تک ہماری جماعت اس نکتہ کو نہیں سمجھتی حالانکہ خداتعالیٰ نے اس کو سمجھانے والے دیئے ہیں اس وقت تک وہ کبھی بھی ترقی نہیں** کرسکتی۔ دیکھو! رسول کریم ﷺ نے یہ بات کہی مگر لوگوں نے نہ سمجھی۔ اب میں نے بتائی ہے اور یہ میں آج ہی نہیں کہہ رہا۔ بلکہ میں مختلف رنگوں اور مختلف پیراؤں میں کئی دفعہ اس بات کو دہرا چکا ہوں۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے ایسا ملکہ دیا ہے کہ میں ...... کے کسی حکم کو بھی لوں، اسے ہر دفعہ نئے رنگ میں بیان کرسکتا اور نئے پیرایہ میں لوگوں کے ذہن نشین کرسکتا ہوں۔ مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ تم مختلف رنگوں میں ایک بات کو سنو، مزے لو اور عمل نہ کرو۔ اس کے نتیجہ میں تمہارا جرم اور بھی بڑھ جاتا ہے کیونکہ تمہیں ایک ایسا شخص ملا جس نے ایک ہی بات مختلف دلکش اور مؤثر پیراؤں میں تمہارے سامنے رکھی مگر پھر بھی تم نے اس کی طرف توجہ نہ کی۔ پس تحریک جدید میں میں نے ایک یہ نصیحت کی تھی کہ بیکاری کو دور کیا جائے مگر مجھے افسوس ہے کہ جماعت نے اس طرف توجہ نہیں کی۔

(خطبات محمود جلد 16 ص 828 تا 835)

## مرے خدا

میرے خدا کوئی ایسا خیال برتر دے
جو میری روح کو بے انت درد سے بھر دے

میں تیری یاد کو دل کی گرہ میں باندھ رکھوں
یہ خوف ہے کہ تغافل کہیں نہ گم کر دے

دکھائی کچھ نہیں دیتا مجھے اندھیرے میں
جو آنکھیں دی ہیں تو پُر نور کوئی منظر دے

نہ آگے کوئی ہے بازار اور نہ باٹ کوئی
یہ نرم گرم جو سودا ہے طے یہیں کر دے

اٹھائے پھرتے ہیں ڈولی کہار کب سے ظفرؔ
خدارا روک انہیں اور مجھے مرا گھر دے

صابر ظفرؔ

مکرم مقصود احمد بھٹی صاحب ومکرم تبریز احمد ظفر صاحب

# 116واں جلسہ سالانہ قادیان

جماعت احمدیہ عالمگیر کا 116واں جلسہ سالانہ قادیان دارالامان میں مورخہ 29 تا 31 دسمبر 2007ء کو نہایت کامیابی کے ساتھ ذکر الٰہی، پُرسوز دعاؤں اور فلک بوس نعروں کے ماحول میں اختتام پذیر ہوا۔ اس جلسہ کی خصوصیت یہ رہی کہ جہاں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اختتامی خطاب لندن سے براہ راست ٹیلی ویژن احمدیہ سے ارشاد فرمایا اور حضور کے خطاب کو قادیان کے جلسہ گاہ میں براہ راست سنا اور دیکھا جا رہا تھا وہیں جلسہ سالانہ قادیان کی تین روزہ کارروائی قادیان سے ایم ٹی اے کے ذریعہ پوری دنیا میں براہ راست نشر کی گئی۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ جلسہ خلافت احمدیہ کی پہلی صدی کا آخری جلسہ سالانہ تھا۔

جلسہ سالانہ قادیان کی تاریخیں جوں جوں قریب آتی گئیں اندرون ملک اور بیرون ملک سے شمع احمدیت کے پروانوں کے قافلوں کی آمد شروع ہوگئی۔

جلسہ سالانہ کے ایام میں موسم نہایت ہی خوشگوار رہا۔ جلسہ سے چند روز قبل سردی کی شدید لہر چل رہی تھی لیکن جلسہ جوں جوں قریب آتا گیا سردی کی شدت میں کافی کمی ہوگئی جس کی وجہ سے تینوں دن آسمان کے نیچے کھلی فضاء میں سامعین نے دھوپ میں جلسے کی کارروائی سماعت فرمائی۔ امسال پاکستان سے بڑی تعداد میں احمدیوں نے جلسہ میں شمولیت کی۔

## معائنہ کارکنان

مورخہ 23 دسمبر 2007ء کو محترم حافظ صالح محمد الٰہ دین صاحب صدر، صدر انجمن احمدیہ قادیان نمائندہ حضور انور نے معائنہ کارکنان کیا اور اپنی زریں نصائح سے کارکنان جلسہ کو نوازا۔ اپنی تقریر میں آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشادات بھی پیش فرمائے اور جلسہ کی کامیابی کے لئے اجتماعی دعا کروائی۔

## پہلا دن

### پرچم کشائی

صبح ساڑھے نو بجے پر محترم ڈاکٹر حافظ صالح محمد الٰہ دین صاحب صدر، صدر انجمن احمدیہ قادیان نے لوائے احمدیت لہرایا اور اجتماعی دعا کروائی۔

### افتتاحی اجلاس

محترم ڈاکٹر حافظ صالح محمد الٰہ دین صاحب صدر، صدر انجمن احمدیہ قادیان کی زیر صدارت جلسہ سالانہ کے افتتاحی اجلاس کی کارروائی شروع ہوئی۔

تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد صدر اجلاس نے افتتاحی خطاب فرمایا۔ آپ نے حضرت مسیح موعود اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشادات کی روشنی میں جلسہ سالانہ کے فیوض و برکات پر روشنی ڈالی۔

جلسہ سالانہ کی پہلی تقریر محترم مولانا محمد عمر صاحب ناظر اصلاح و ارشاد قادیان نے ''توحید باری تعالیٰ، مختلف مذاہب کی تعلیم کی روشنی میں'' کی۔ اس کے بعد حضرت میر محمد اسماعیل صاحب کا نعتیہ منظوم کلام خوش الحانی سے پڑھا گیا۔

اجلاس کی دوسری تقریر محترم مولانا محمد کریم الدین صاحب شاہد ایڈیشنل ناظم وقف جدید بیرون قادیان نے ''سیرت آنحضرت ﷺ حقوق انسانیت بالخصوص مخالفین سے حسن سلوک'' کے موضوع پر کی۔ بعدہ حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام پیش کیا گیا۔

### تعارفی تقاریر

مکرم مولانا سی شمس الدین صاحب مربی سلسلہ نے خلافت خامسہ کے بابرکت دور میں بلاد عربیہ میں ہونے والی ترقیات کا ذکر کیا۔

دوسری تعارفی تقریر شیخ مجیب الرحمٰن آف ڈنمارک کی ہوئی۔ آپ نے سکینڈین ممالک میں جماعت احمدیہ کی سرگرمیوں اور وہاں کے ملکی حالات کا ذکر کیا۔ اس کے بعد نماز ظہر و عصر ساڑھے دو بجے جلسہ گاہ میں ہی ادا کی گئی۔

### دوسرا اجلاس

دوسرے اجلاس کی کارروائی ٹھیک ڈھائی بجے شروع ہوئی۔ اس کی صدارت محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی ربوہ نے کی اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔

پہلی تقریر مکرم مولانا محمد ایوب صاحب مربی انچارج کیرلہ نے ''برکات خلافت'' کے موضوع پر کی۔ اس کے بعد منظوم کلام خوش الحانی سے پڑھ کر سنایا گیا۔ دوسری تقریر مکرم مولانا محمد انعام غوری صاحب ناظر اعلیٰ و امیر جماعت احمدیہ قادیان کی ''سیرت حضرت مسیح موعود خدمت دین کے آئینہ میں'' ہوئی۔

### تعارفی تقاریر

مکرم نعیم اللہ خان صاحب کرغستان نے اپنا تعارف کرایا اور کرغستان میں احمدیت کے نفوذ کا ذکر کیا۔ دوسری تعارفی تقریر مکرم محمد امیر صاحب مربی سلسلہ سری لنکا کی ہوئی۔

## دوسرا دن

### پہلا اجلاس

جلسے کا آغاز دس بجے مکرم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل الاعلیٰ تحریک جدید ربوہ پاکستان کی صدارت میں ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد اجلاس کی پہلی تقریر محترم مولانا منیر احمد صاحب خادم ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد تعلیم القرآن و وقف عارضی بعنوان ''صداقت حضرت مسیح موعود'' تھی اس کے بعد حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کا منظوم کلام پیش ہوا۔

اجلاس کی دوسری تقریر محترم مولانا سید کلیم الدین صاحب مربی انچارج دہلی کی ہوئی۔ آپ کی تقریر کا عنوان تھا: ''دین میں عورت کے حقوق'' اس کے بعد حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام پیش ہوا۔

تیسری تقریر مولانا محمد حمید کوثر صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ قادیان نے بعنوان ''آخری زمانہ سے متعلق آنحضرت ﷺ کی پیشگوئیاں'' کی۔

اس کے بعد پروفیسر درباری لال صاحب سابق منسٹر پنجاب (انڈیا) نے جلسہ کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار فرمایا۔

### دوسری نشست

اس اجلاس کی صدارت محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ناظر دیوان و صدر مجلس انصار اللہ پاکستان نے کی۔ کارروائی ٹھیک ڈھائی بجے شروع ہوئی۔

تلاوت و نظم کے بعد مکرم مولانا تنویر احمد صاحب خادم نائب ناظر اصلاح و ارشاد قادیان نے ''پیشوایان مذاہب کا احترام'' کے عنوان سے پنجابی میں تقریر کی۔

### معززین کی مختصر تقاریر

سب سے پہلے مکرم کیپٹن بلبیر سنگھ صاحب باٹھ ایم ایل اے سری ہرگوبند پور نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جماعت احمدیہ کے قیام امن کی کوششوں کی تعریف کی۔ اس کے بعد شری گیو سوامی سوشیل جی مہاراج دہلی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ میرا جماعت احمدیہ سے کچھ عرصہ قبل تعارف ہوا ہے۔ میں اس جماعت سے بہت متاثر ہوا ہوں۔ جماعت احمدیہ جو تعلیم دیتی ہے اس سے یقیناً دنیا میں امن قائم ہوسکتا ہے۔ تیسری تقریر شری نرسنگھ سیلوال صدر بھوجن مہا پنچایت ہریانہ کی ہوئی۔ اس کے بعد پی ایس چاولہ صاحب نے تقریر کی اور فرمایا کہ جماعت احمدیہ انسانیت کے قیام کے لئے جو کوششیں کر رہی ہے اس سے میں بہت متاثر ہوں۔ اس کے بعد سوامی سورج پرکاش ہوشیار پور نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ بعدہ انوراگ سود صاحب، سردار گورکرپال سنگھ صاحب آئی اے ایس ڈپٹی کمشنر گورداسپور نے اپنے خیالات کا اظہار اور کیا جلسہ کے انتظامات کو سراہا۔ محترمہ سدیش شرما دہلی آل انڈیا ریلوے اسکارٹ کمشنر اور ایس کے شرما صاحب چیئرمین ہیومن رائٹس ایکٹ اترا کھنڈ نے بھی اپنے خیالات کا اظہار فرمایا۔

## تیسرا دن

### پہلا اجلاس

محترم میر محمود احمد صاحب ناصر پرنسپل جامعہ احمدیہ ربوہ کی صدارت میں اجلاس کا آغاز ہوا۔

تلاوت و نظم کے بعد پہلی تقریر مکرم مولانا عبدالوکیل نیاز صاحب نائب ناظم وقف جدید بیرون کی ہوئی۔ آپ نے جماعت احمدیہ کے مالی نظام اور نظام وصیت کے موضوع پر تقریر فرمائی۔ اس کے بعد حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام پیش ہوا۔

اجلاس کی دوسری تقریر محترم مولانا محمد نسیم خان صاحب ناظر امور عامہ قادیان نے بعنوان ''عالم اسلام کے مسائل اور ان کا حل'' کی۔

اس کے بعد مکرم لکھویر سنگھ لودھی ننگل ایم ایل اے حلقہ قادیان اور اَوِناش رائے کھنہ ایم پی کی تقاریر ہوئیں۔ ہر دو نے جلسہ سالانہ کے بھائی چارہ والے ماحول میں اور جماعت احمدیہ کی قیام امن کی کوششوں کی تعریف کی اور کہا کہ اگر جماعت احمدیہ اسی طرح اپنے مشن کو جاری رکھے گی تو دنیا میں امن قائم ہو جائے گا۔

### اختتامی اجلاس

اختتامی اجلاس محترم مولانا محمد انعام غوری صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی قادیان کی صدارت میں ڈیڑھ بجے شروع ہوا۔

تلاوت و نظم کے بعد معززین نے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا۔ پہلی تقریر مہنت رام پرکاش داس صدر وشو ہندو پریشد نے کی اور دوسری تقریر سنت بابا نے کی۔

### جماعتی معززین کی تقاریر

پہلی تقریر مکرم صفدر نذیر صاحب گولیکی سابق امیر بینن و ٹوگو نے کی۔ دوسری تقریر مولانا شمشیر علی صاحب انڈونیشیا نے کی۔ تیسری تقریر مکرم حامد محمود شاہ صاحب مربی سلسلہ و امیر بیلجیئم نے کی۔ چوتھی تقریر مبشر احمد زاہد صاحب نمائندہ جاپان نے کی۔ اس کے بعد صدر اجلاس نے خطاب فرمایا اور حکومت ہند اور حکومت پنجاب اور مختلف محکمہ جات مثلاً ریلوے، بجلی وغیرہ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ آخر پر آپ نے اجتماعی دعا کرائی۔ اس کے بعد ٹھیک ساڑھے تین بجے ایم ٹی اے کے ذریعہ لندن سے براہ راست جلسہ سالانہ قادیان کے لئے حضور انور کا اختتامی خطاب نشر ہوا۔

## دعائے مغفرت برائے موصیان

دوران سال جن موصیان نے وفات پائی ہر سال کی طرح امسال بھی جلسہ سالانہ کے موقع پر ان کے نام دعائے مغفرت کی غرض سے پڑھ کر محترم مولانا محمد عنایت صاحب نائب ناظر اصلاح و ارشاد قادیان نے سنائے۔

## اعلانات نکاح

جلسہ سالانہ کے دوسرے روز مورخہ 30 دسمبر 2007ء کو بعد نماز مغرب وعشاء بیت اقصیٰ میں 17 نکاحوں کے اعلانات ہوئے اور بعد میں بھی یہ سلسلہ جاری رہا۔

## حاضری

امسال اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلسہ سالانہ قادیان میں ہندوستان سمیت 30 مما لک کے 17 ہزار احمدیت کے پروانوں نے شرکت کی۔ بیرون مما لک سے آنے والوں میں سب سے زیادہ افراد پاکستان سے آئے۔ پاکستان سے 4744افراد نے شرکت کی۔ ہندوستان کے 25 صوبہ جات سے احباب جماعت اور پانچ ہزار نومبائعین نے بھی شرکت کی۔ برطانیہ، امریکہ، سری لنکا، فلسطین، آسٹریلیا، بنگلہ دیش، میانمار، نیپال، کینیڈا، کویت، سنگاپور، ہالینڈ، سویڈن، ناروے ،اٹلی ، انڈونیشیا، متحدہ عرب امارات، بھوٹان، ماریشس، جاپان، نائیجیریا، گھانا، بیلجیئم، نیوزی لینڈ، سوئز رلینڈ، کرغستان، پاکستان، گریس، سے احمدیت کے پروانوں نے اس روحانی اجتماع میں شرکت کی۔ اسی طرح ایک سو اٹھارہ مہمان احباب وخواتین نے بھی جلسہ میں شرکت کی۔

## رواں تراجم

سامعین کرام کے لئے انگریزی، ملیالم، کنڑ، تامل ،تیلگو، بنگلہ زبانوں میں جلسہ کی تقاریر کے رواں تراجم پیش کئے جاتے رہے۔

## نماز تہجد و درس القرآن

الحمدللہ کہ جلسہ سالانہ کے ایام میں 24 دسمبر تا 2 جنوری بیت اقصیٰ میں باجماعت نماز تہجد کا اہتمام کیا گیا اور بعد نماز فجر درس القرآن کا انتظام کیا گیا۔

## پریس اینڈ میڈیا

شعبہ پریس اینڈ میڈیا نے گزشتہ سالوں سے بڑھ کر اور زیادہ وسیع پیمانے پر جلسہ سالانہ کی کوریج کی۔ تقریباً تمام قومی اخبارات جو کہ اردو ہندی پنجابی انگریزی زبانوں اور دیگر صوبائی اخبارات نے جو مختلف میں زبانوں میں شائع ہوتے ہیں جماعت احمدیہ عالمگیر کے جلسہ سالانہ کے متعلق تفصیلی خبریں تصاویر کے ساتھ شائع کیں۔ سپلیمنٹ شائع کئے الیکٹرانک میڈیا نے تین چار مرتبہ اپنے خاص پروگراموں میں جلسہ کی کوریج نشر کیں۔ اجیت سماچار، پنجاب کیسری، اتم ہندو، دینک بھاسکر، دینک ٹریبیون، دینک جاگرن، ہند سماچار، جگ بانی، پنجاب آج تک، ٹریبیون پنجابی، نواں زمانہ، دیس سیوک، چڑھدی کلا، سپوکس مین، سچ دی پٹاری، ٹائمز آف انڈیا، ہندوستان ٹائمز، انڈین ایکسپریس، اکالی پتریکا، پربھات خبر جھاڑ کھنڈ، دینک جاگران جھاڑکھنڈ، راشٹریہ سہارا اردو جھاڑکھنڈ، سموات سادھنا چھتیس گڑھ، شبدھ چھتیس گڑھ، ہری بھومی چھتیس گڑھ، پھلجھر کی پکار چھتیس گڑھ، سماج اڑیسہ اسی طرح مہاراشٹر کے اخبارات میں سے نیا سویرا اردو، اسی طرح چھتیس گڑھ کے 5 مہاراشٹر کے اور ایک اڑیسہ کے ایک اور جھاڑ کھنڈ کے ایک اور نیپال کے 2 نمائندگان نے اس جلسہ کو کور کیا۔ اسی طرح انٹرنیشنل کوریج کے لئے میڈیا پنجاب جرمنی وجالندھر، انگریزی، پنجابی پنجاب نیوز یو ایس اے انگریزی و پنجابی آکاس ریڈیو یو کے چینل پنجاب سانجھ سویرا کینیڈا بدھالی نیوز یو کے میں بھی جلسہ سالانہ کی خبریں نشر ہوئیں اور شائع کی گئیں۔ الیکٹرانک چینل: دوردرشن، آکاش وانی، ایم ایچ ون، آئی بی این 7، ٹوٹل ٹی وی، ٹی وی ٹائم کے نمائندگان نے بھی جلسہ کو کوریج دی۔

## ایم ٹی اے اور انٹرنیٹ

گزشتہ سالوں کی طرح امسال بھی جلسہ سالانہ قادیان کے تمام پروگرام قادیان سے جماعتی ویب سائٹ پر ساتھ ساتھ بھجوائے جاتے رہے جو ساتھ کے ساتھ نشر ہوتے رہے۔ اسی طرح افتتاحی اجلاس اور جلسہ سالانہ پہلے دن اجلاس کی پہلی دو تقاریر ایم ٹی اے پر براہ راست نشر کی گئیں۔ اسی طرح دوسرے اور تیسرے روز کا بھی سارا پروگرام ایم ٹی اے پر براہ راست نشر کیا گیا۔ حضور انور نے اختتامی خطاب کے دوران قادیان کے جلسہ گاہ کے نظاروں کے ساتھ نعروں کی آواز سیدنا محمود ہال یو کے میں سنائی جا رہی تھی۔ نیز دیگر انٹرویوز وغیرہ کی صرف چند گھنٹوں کے توقف سے نشر ہوتے رہے۔

## جنازہ ہائے حاضر وغائب

جلسہ سالانہ کے موقع پر ہندوستان کے مختلف علاقوں میں سے موصی حضرات کے تابوت بھی آتے ہیں امسال بھی ان کی تدفین بہشتی مقبرہ میں بعد نماز جنازہ عمل میں آئی۔

## نظامتیں

جلسہ سالانہ کے موقع پر کل 31 نظامتیں برسر عمل رہیں ان کے ناظمین، نائبین اور کارکنان نے بڑی محنت اور خلوص کے ساتھ اپنے ذمہ کئے گئے فرائض کی احسن رنگ میں ادائیگی کی۔

نیز کل 26 قیام گاہوں میں مہمانان کرام کی رہائش کا انتظام کیا گیا۔

## استقبال

ہندوستان کے جملہ صوبہ جات اور بیرون ہند سے آنے والے مہمانان کی سہولت کے پیش نظر شعبہ استقبال کے تحت دہلی ایئرپورٹ، امرتسر ایئرپورٹ، امرتسر ریلوے اسٹیشن، قادیان ریلوے سٹیشن، اور واہگہ بارڈر پر رضا کاران متعین کئے گئے اسی طرح احمدیہ گراؤنڈ میں بھی پاکستان اور کشمیر وغیرہ سے آنے والے مہمانان کی خدمت کے لئے ہمہ وقت رضا کاران موجود رہتے تھے۔

## طبی امداد

مہمانان کی سہولت کے پیش نظر ہر قیام گاہ اور جلسہ گاہ میں ایلوپیتھی اور ہومیوپیتھی ڈسپنسریاں لگائی گئیں تاکہ فوری طور پر مہمانوں کو علاج کی سہولت پہنچائی جا سکے۔

## سپیشل ٹرین

جلسہ سالانہ کے پیش نظر گزشتہ سالوں کی طرح امسال بھی مسیح موعود کے پروانوں کی خاطر امرتسر ہوتا قادیان آمدورفت کے لئے دو سپیشل ٹرینیں ریلوے انتظامیہ کی طرف سے چلائی گئیں۔

## لنگر خانہ

ہر سال جلسہ سالانہ کے ایام میں دارالضیافت (لنگر خانہ حضرت مسیح موعود) کے علاوہ اور کئی لنگر جاری کئے جاتے ہیں۔ جیسے لنگر خانہ نمبر 2 جو کہ دفاتر جلسہ سالانہ کے قریب ہے۔ لنگر خانہ نمبر 3 جو کہ بہشتی مقبرہ کے قریب ہے۔ امسال ان تینوں لنگر خانوں میں کھانا تیار ہوتا رہا۔

## نمازوں کا اہتمام

جلسہ سالانہ کے ایام میں باجماعت نمازوں کے لئے مرد حضرات کے لئے بیت اقصیٰ میں اور مستورات کے لئے بیت مبارک میں انتظام تھا۔ جلسہ کے تینوں روز نماز ظہر وعصر باجماعت جلسہ گاہ میں ادا کی جاتی رہیں۔ مرکزی بیوت کے علاوہ تمام قیامگاہوں میں نماز تہجد اور درس القرآن اور نماز باجماعت کا اہتمام کیا گیا۔ جن بیوت میں باقاعدگی کے ساتھ نماز تہجد اور درس القرآن اور نماز باجماعت کا اہتمام کیا گیا وہ مندرجہ ذیل ہیں۔ بیت نور، بیت دارالفتوح، سرائے طاہر، خیمہ جات قیام گاہ مستورات جامعۃ المبشرین، ہوسٹل، بیت احمدیہ ننگل، بیت دارالبرکات۔

## بیعتیں

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں اللہ کے فضل و احسان سے ہر سال یہ امر دیکھنے میں آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ سعید روحوں کو قبول احمدیت کی توفیق عطا فرماتا ہے امسال بھی 36 افراد کو بیعت کر کے سلسلہ عالیہ احمدیہ میں داخل ہونے کی توفیق ملی۔ اللہ تعالیٰ ان کے ایمان میں برکت عطا فرمائے اور انہیں ثابت قدم رکھے۔ آمین

